# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 15 SEP 2024 Page No. 1


## دہشتگردوں اور تخریب کاروں کا قلع قمع کیا جائے، جعفر مندوخیل

### دہشت و وحشت پھیلانے والوں کے ناپاک عزائم کا خاتمہ کریں گے

### پولیس موبائل کے قریب دھماکہ میں اہلکاروں کی شہادت پر رنج ہے، گورنر

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں کچلاک بوستان روڈ پر پولیس موبائل کے قریب دھماکے کے نتیجے پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے رنج ودکھ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ ہم حکومت اور عوام کی مشترک کاوشوں سے دہشت و وحشت پھیلانے والوں کے ناپاک عزائم کا خاتمہ........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کریں گے۔ انہوں نے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ دہشتگردوں اور تخریب کاروں کے قلع قمع کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائیں۔ گورنر بلوچستان نے دھماکے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی مغفرت اور ان کے سوگوار خاندانوں سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

Century Express Quetta

# دہشتگردوں اور سہولت کاروں کا خاتمہ کر کے دم لیں گے وزیراعلیٰ گورنر

### دھماکے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت افسوسناک، ان قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، سرفراز بگٹی، جعفر مندوخیل

### تحقیقات کا حکم دیدیا گیا، ترجمان حکومت، دہشتگردی کیخلاف پوری قوم متحد ہے، سردار عبدالرحمان کھیتران، علی مدد جتک

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزراء سردار عبدالرحمان کھیتران، (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

میر علی مدد جتک اور ترجمان حکومت شاہد رند نے پولیس موبائل کے قریب دھماکے کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کچلاک بوستان روڈ پر پولیس موبائل کے قریب دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کے احکامات جاری کئے۔ بیان میں وزیراعلیٰ نے شہید پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف بلوچستان پولیس، لیویز اور سیکورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا بلوچستان سے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا خاتمہ کر کے دم لیں گے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کی عفریت کا خاتمہ کر کے عوام کے جانی ومالی تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔ گورنر جعفر خان مندوخیل، ...جمان بلوچستان حکومت شاہد رند اور صوبائی ...ر نے پولیس موبائل کے قریب دھماکے میں قیمتی انسانی ...نوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار ...رتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نے ان افسوس... واقعات کی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے، انہوں ...نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے ...بحالی امن کیلئے اپنی سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ...کھڑی ہے کچلاک بوستان روڈ پر پولیس موبائل پر بم ...ک قابل مذمت ہے واقعہ میں ملوث دہشت عناصر ...کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 53 | اتوار 10 ربیع الاول 1446ھ 15 ستمبر 2024ء | نمبر 254


# کچلاک: پولیس کی گاڑی کے قریب دھماکہ، دو اہلکار شہید

**دہشتگردی کا خاتمہ کرکے دم لینگے گورنر، وزیراعلیٰ**

## گاڑی مکمل طور پر تباہ سیٹیں اڑ کر درخت سے لٹک گئیں، تین سے چار کلو دھماکہ خیز مواد ریموٹ کنٹرول سے اڑایا گیا

**دہشت گردی کے خلاف بلوچستان پولیس، لیویز اور سیکورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، گورنر/وزیراعلیٰ کا اظہار مذمت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بوستان روڈ پر نیو کچلاک پولیس کی گاڑی کے قریب دھماکہ اے ایس آئی سمیت دو اہلکار شہید ہوگئے گاڑی مکمل طور پر تباہ سیٹیں اڑ کر درخت سے لٹک گئیں پولیس اہلکار معمول کی گشت کے دوران درخت کے سائے میں کھڑے تھے ڈرائیور قریب واقعہ ٹیوب ویل سے پینے کیلئے پانی لینے گیا تھا پولیس لائن میں شہدا کی نماز جنازہ ادا کی گئیں۔ پولیس کے مطابق نامعلوم دہشت گردوں نے بوستان روڈ کے کچے میں درخت کے نیچے ریموٹ کنٹرول بم نصب کیا تھا گزشتہ روز نیو کچلاک پولس اسٹیشن کا اے ایس آئی زین الدین، کانسٹیبل محمد طاہر اور ڈرائیور کے ہمراہ گاڑی میں بوستان روڈ پر معمول کی گشت کرنے کے دوران سائے کیلئے اس درخت کے نیچے کھڑے ہوگئے اے ایس آئی زین الدین نے ڈرائیور سے پینے کا پانی لانے کو کہا ڈرائیور قریب ہی واقعہ ٹیوب ویل سے پانی لینے گیا اسی دوران بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں اے ایس آئی اور کانسٹیبل موقع پر ہی شہید ہوگئے دھماکہ اتنا شدید تھا کہ گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی جبکہ گاڑی کی سیٹیں درخت سے لٹک گیئں شہریوں نے لاشوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ عوامی نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی سابق صوبائی وزیر ملک نعیم خان بازئی موقع پر پہنچ گئے بم ڈسپوزل اسکوارڈ کے مطابق دہشت گردوں نے تین سے چار کلو دھماکہ خیز مواد ریموٹ کنٹرول کے ذریعے زمین میں نصب کیا تھا مزید شواہد اکٹھے کئے جارہا ہے۔ ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد شہدا کی میتیں پولیس لائن لے جائے گئیں جہاں نماز جنازہ ادا کی گئی نماز جنازہ میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ شہاب الدین آئی جی پولیس معظم جاں انصاری، کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری ملک محمد یوسف، ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز گورایہ سمیت دیگر افسران اور شہدا کے لواحقین نے شرکت کی نماز جنازہ کے بعد شہید اے ایس آئی زین الدین کی میت آبائی علاقے پشین اور کانسٹیبل محمد طاہر کی میت کچلاک پہنچائی گئیں جہاں رات گئے انہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں کچلاک بوستان روڑ پر پولیس موبائل کے قریب دھماکے کے نتیجے پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے رنج ودکھ کا اظہار کیا ہے. اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ ہم حکومت اور عوام کی مشترکہ کاوشوں سے دہشت و وحشت پھیلانے والوں کے ناپاک عزائم کا خاتمہ کریں گے. انہوں نے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں پرزوردیا کہ وہ دہشتگردوں اور تخریب کاروں کے قلع قمع کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائیں. گورنر بلوچستان نے دھماکے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی مغفرت اوران کے سوگوار خاندانوں سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کچلاک بوستان روڑ پر پولیس موبائل کے قریب دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے ملوث عناصر کو کیفرکردار تک پہنچانے کے احکامات جاری کئے ہیں یہاں جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے شہید پولیس اہکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف بلوچستان پولیس، لیویز اور سیکورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا بلوچستان سے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا خاتمہ کرکے دم لیں گے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کی عفریت کا خاتمہ کرکے عوام کے جانی ومالی تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔

## مستونگ واقعہ: ملزمان کی گرفتاری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، سرفراز بگٹی

**بحالی امن کیلئے لیویز، پولیس اور سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کی لمبی فہرست کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے درینگڑھ میں فرائض کی انجام دہی کے دوران لیویز کے 2 جوانوں کی شہادت اور تین کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بحالی امن کیلئے لیویز، پولیس اور سیکورٹی فورسز کی قربانیوں ایک لمبی فہرست ہے، فورسز نے عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے اپنے فرائض کی بجاآوری کی ہے اور ریاست کی رٹ کو برقرار رکھا ہے، بلوچستان کا ہر فرد اپنی بہادر فورسز کی لازوال قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور انہیں کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے شہید لیویز اہلکاروں کے پسماندگان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے بلند درجات اور ورثاء کیلئے صبر جمیل اور زخمی اہلکاروں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ وزیراعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر مستونگ کو ہدایت کی کہ واقعہ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں اور انہیں قرار واقعی سزا دلواکر جرائم کی بیخ کنی کو یقینی بنایا جائے۔


Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | اتوار 10 ربیع الاول 1446ھ 15 ستمبر 2024ء صفحات 24 | شمارہ 78

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# بس حادثے پر افسوس ہے، دہشتگردوں و سہولت کاروں کا خاتمہ کرکے دم لیں گے، سرفراز بگٹی

## کچلاک بوستان روڑ پر پولیس موبائل کے قریب دھماکے کی مذمت، ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، وزیر اعلیٰ کی ہدایت

## بس حادثے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ ہے تحقیقات کا حکم دیدیا غفلت ثابت ہونے پر بس کمپنی کے خلاف کارروائی ہوگی

## درینگڑھ واقعہ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں، وزیر اعلیٰ کی ڈپٹی کمشنر مستونگ کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دانہ سر کے قریب بس حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس المناک حادثے کی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے انہوں نے کہا کہ غفلت ثابت ہونے پر بس کمپنی کے خلاف......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کارروائی ہوگی بارہا بس کمپنیوں کو آگاہ کیا جاچکا ہے کہ ٹریکر اور دیگر ایس او پیز پر سختی سے عمل کریں تاہم حکومت کی ہدایات کو نظر انداز کیا جاتا ہے جس کے باعث اس قسم کے افسوس ناک واقعات جنم لیتے ہیں یہاں جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے حادثے پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کیا وزیر اعلیٰ نے سیکرٹری آر ٹی اے کو قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے خلاف کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ٹریفک حادثات

میں غفلت قابل برداشت نہیں قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے روٹ پرمٹ منسوخ کیے جائیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے دانہ سر بس حادثے میں جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے تعزیت و افسوس کا اظہار کیا جبکہ زخمیوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کی ہدایت کی دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کچلاک بوستان روڑ پر پولیس موبائل کے قریب دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کے احکامات جاری کیے ہیں یہاں جاری ایک بیان

میں وزیر اعلیٰ نے شہید پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف بلوچستان پولیس، لیویز اور سیکورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا بلوچستان سے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا خاتمہ کر کے دم لیں گے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کی عفریت کا خاتمہ کر کے عوام کے جانی و مالی تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے درینگڑھ میں فرائض کی انجام دہی کے دوران لیویز فورس کے دو جوانوں کی شہادت اور تین کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بحالی امن کیلئے لیویز، پولیس اور سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کی ایک لمبی فہرست ہے فورسز نے عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے اپنے فرائض کی بجا آوری کی ہے اور ریاست کی رٹ کو برقرار رکھا ہے بلوچستان کا ہر فرد اپنی بہادر فورسز کی لازوال قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

Scanned with CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 273 | اتوار، 10 ربیع الاول، 15 ستمبر 2024ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# لیویز پولیس اور فورسز کی قربانیوں کی لمبی فہرست ہے، سرفراز بگٹی

## درینگڑھ میں فرائض کی انجام دہی کے دوران لیویز جوانوں کے شہید و زخمی ہونے پر افسوس ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے درینگڑھ میں فرائض کی انجام دہی کے دوران لیویز فورس کے دو جوانوں کی شہادت اور تین کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بحالی امن کیلئے لیویز،

(باقی صفحہ 5 نمبر 11)

پولیس اور سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کی ایک لمبی فہرست ہے فورسز نے عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے اپنے فرائض کی بجا آوری کی ہے اور ریاست کی رٹ کو برقرار رکھا ہے بلوچستان کا ہر فرد اپنی بہادر فورسز کی لازوال قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور انہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے شہید لیویز اہلکاروں کے پسماندگان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے بلند درجات اور ورثاء کے صبر جمیل اور زخمی اہلکاروں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی وزیراعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر مستونگ کو ہدایت کی کہ واقعہ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں اور انہیں قرار واقعی سزا دلوا کر جرائم کی بیخ کنی کو یقینی بنایا جائے۔

Scanned with CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے

جلد نمبر 31 | بروز اتوار 15 ستمبر 2024ء بمطابق 10 ربیع الاول 1446ھ | شمارہ نمبر 254


# کوئٹہ دھماکہ، دہشتگردوں اور انکے سہولت کاروں کا خاتمہ کرینگے

سرفراز بگٹی

بس حادثے کی تحقیقات کررہے ہیں

## دانہ سر کے قریب ہونے والے حادثے میں غفلت ثابت ہونے پر کمپنی کیخلاف کارروائی ہوگی، قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار

## دہشت گردی کے خلاف پولیس، لیویز اور سیکورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، وزیراعلیٰ کا بیان

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دانہ سر کے قریب بس حادثے پر اظہار افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرا دکھ ہوا، حادثے کی تحقیقات کی جارہی ہیں، غفلت ثابت ہونے پر بس کمپنی کے خلاف کارروائی ہوگی۔ یہاں جاری ہونے والے بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ بارہا بس کمپنیوں کو آگاہ کیا جاچکا ہے کہ ٹریکر اور دیگر ایس او پیز پر سختی سے عمل کریں، وزیراعلیٰ


بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر


بلوچستان نے سیکرٹری آر ٹی اے کو قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے خلاف کارروائی کا حکم دیتے ہوئے آر ٹی اے کو ہدایت کی ہے کہ کوئی غفلت قابل برداشت نہیں، قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے روٹ پرمٹ منسوخ کیے جائیں، انہوں نے دانہ سر بس حادثے میں جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے تعزیت و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ زخمیوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کچلاک بوستان روڈ پر پولیس موبائل کے قریب دھماکے کی مذمت اور واقعہ میں پولیس اہلکاروں کی شہادت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف بلوچستان پولیس، لیویز اور سیکورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ یہاں جاری ہونے والے بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے دہشت گردی کے واقعہ میں شہید پولیس اہکاروں کو خراج عقیدت اور شہید اہکاروں کے کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف بلوچستان پولیس، لیویز اور سیکورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا خاتمہ کرکے دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، بحالی امن کیلئے شہیدوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔


Scanned with CamScanner

www.dailyazadiquetta.com ویب سائٹ
بلوچستان کا سب سے زیادہ پڑھا جانے والا اخبار
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔23 | اتوار 15 ستمبر 2024ء بمطابق 10 ربیع الاول 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔252


# بلوچستان سے دہشتگردوں اور انکے سہولت کاروں کا خاتمہ کر کے دم لینگے

میر سرفراز بگٹی

## دہشت گردی کے خلاف بلوچستان پولیس، لیویز اور سیکورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا

### دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ملک سے دہشت گردی کی عفریت کا خاتمہ کر کے عوام کے جانی و مالی تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کچلاک بوستان روڑ پر پولیس موبائل کے قریب دھماکے کی (بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 2 پر)

مذمت کرتے ہوئے ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کے احکامات جاری کئے ہیں یہاں جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ نے شہید پولیس اہکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف بلوچستان پولیس، لیویز اور سیکورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا بلوچستان سے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا خاتمہ کر کے دم لیں گے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کی عفریت کا خاتمہ کر کے عوام کے جانی و مالی تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔

Scanned with CamScanner

## قیام امن کیلئے پولیس کی قربانیاں قابل فخر ہیں، علی مدد جتک

### شرپسندانہ کارروائیوں سے فورس کا مورال پست نہیں ہوگا، کچلاک دھماکے کی مذمت

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک نے کچلاک بوستان شاہراہ پر پولیس موبائل کے قریب دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کی شرپسندانہ کارروائیاں پولیس کا مورال پست نہیں کرسکتیں صوبے میں امن وامان کے لئے پولیس نے بے مثال قربانیاں دی ہیں صوبائی حکومت شہید اہلکاروں کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑے گی اوران کی ہرممکن معاونت کی جائے گی دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پولیس اور سیکورٹی فورسز کی قربانیاں تاریخ رقم کررہی ہیں جس پر عوام کو فخر ہے صوبائی وزیر نے شہداء کی جنت میں میں بلند درجات اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

## دہشت گردی کا مقصد ترقیاتی عمل کو روکنا ہے، سردار کھیتران

### دہشت گردوں کے مذموم مقاصد کبھی کامیاب نہیں ہونگے، کچلاک حملے کی مذمت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران نے پولیس وین پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کا مقصد ترقیاتی عمل کو روکنا اور سیکورٹی فورسز کو مرعوب کرنا ہے لیکن ہم دہشت گردوں کے مذموم مقاصد بھی کامیاب نہیں ہوں گے ہم ترقی کا عمل جاری رکھ کر عوام کی فلاح و بہبود اور صوبے کی پسماندگی کے خاتمے کو یقینی بنائیں گے، سردار کھیتران کا مزید کہنا تھا کہ سکیورٹی فورسز کے عزم و حوصلہ کو پست نہیں کیا جا سکتا۔ بیرونی قوتوں کی ایما پر بننے والے دہشت گردی کے منصوبے کو خاک میں ملائیں گے ہمیں محفوظ بنانے والے اپنے محافظین کی قربانیوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔

## دہشت گردوں کے خلاف آپریشن جاری رہے گا، نور محمد دمڑ

### امن دشمن کسی رعایت کے مستحق نہیں، کچلاک پولیس وین حملہ قابل مذمت ہے

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کچلاک بوستان روڈ پر پولیس وین پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس اور سیکورٹی فورسز کے جوان بلوچستان میں دہشت گردوں کے خاتمے اور قیام امن کیلئے جانوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں دہشتگردوں کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن جاری رہے گا ان حملوں میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں صوبائی وزیر نے شہداء کے بلند درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم پولیس اور سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

## راحیلہ درانی کا دورہ خانہ فرہنگ ایران، تعلیمی سرگرمیوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

### اسٹوڈنٹ ایکسچینج پروگرام اور ایران میں اساتذہ کی ٹریننگ صوبے کی تعلیمی ترقی میں سنگ میل ثابت ہوگا، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی نے ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران کی دعوت پر خانہ فرہنگ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ سید ابوالحسن میری نے معزز مہمان کا گرم جوشی سے استقبال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے بلوچستان اور ایران کے درمیان طلباء اور اساتذہ کی سطح پر تبادلے کے ساتھ ساتھ تعلیمی سرگرمیوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران نے بلوچستان کے طلباء کیلئے ماسٹرز ڈگری سے لیکر پی ایچ ڈی تک ایران کی یونیورسٹیوں میں اسکالرشپ پروگرام کا بھی اعلان کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان گہرے ثقافتی، تاریخی اور تہذیبی رشتے پائے جاتے ہیں۔ بلوچستان اور ایران کے درمیان اسٹوڈنٹ ایکسچینج پروگرام اور ایران میں اساتذہ کی ٹریننگ صوبے کی تعلیمی ترقی میں سنگ میل ثابت ہوگی۔ ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ نے صوبائی وزیر تعلیم اور دیگر خواتین اراکین اسمبلی کو ایران کے دورے کی دعوت بھی دی۔ آخر میں صوبائی وزیر تعلیم نے علامہ اقبال لائبریری کا بھی دورہ کیا۔

MASHRIQ QUETTA

# دشمن بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کو نہیں روک سکتا، بخت کاکڑ

### پولیس پر حملہ پورے بلوچستان پر حملہ ہے کچلاک بازار میں دہشتگردوں نے ایک بار پھر پولیس کو ٹارگٹ بنایا دیگر سیکورٹی فورسز کے ساتھ پولیس نے بھی بے شمار قربانیاں دی ہیں، صوبائی بائی وزیر لائیو سٹاک

### مٹھی بھر عناصر یہ نہیں چاہتے کہ بلوچستان ترقی کرے اور یہاں کے عوام پرامن زندگی گزاریں لیکن یہ لوگ جتنے بھی سازشیں کرلیں جیت ریاست اور عوام کی ہوگی، رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر لائیو سٹاک بخت محمد کاکڑ اور رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کچلاک بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس پر حملہ پورے بلوچستان پر حملہ ہے بلوچستان کے دیگر سیکورٹی فورسز کے ساتھ پولیس نے بھی بے شمار قربانیاں دی ہے جس پر ہم انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور حکومت کی جانب سے یقین دہانی کراتے ہیں کہ وہ دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پولیس کا ساتھ دینگے مذمتی بیان جاری کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کچلاک بازار میں دہشتگردوں نے ایک بار پھر پولیس پارٹی کو ٹارگٹ بنادیا جس سے دو پولیس اہلکار شہید ہوگئے جس کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور یہ مٹھی بھر عناصر یہ نہیں چاہتے کہ بلوچستان ترقی کریں اور یہاں کے عوام پرامن زندگی گزارے لیکن یہ لوگ جتنے بھی سازشیں کریں گے اگر جیت ریاست اور عوام کی ہوگی اس دہشت گردی واقعہ میں شہید ہونیوالے افسر و اہلکار کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور ان کی خاندان سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں بلکہ ان کو یقین دہانی کراتے ہیں

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 15 SEP 2024

Page No. 8

Bullet No. 1


## بلوچستان پولیس نے لازوال قربانیاں دی ہیں

# دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے قوم کے غیر متزلزل عزم کو شکست نہیں دی جاسکتی، محسن نقوی

### یہ جنگ پوری قوم کی جنگ ہے اور قوم کی حمایت سے آخری دہشت گرد و سہولت کار کے خاتمے تک جاری رہے گی

### محسن نقوی کی کچلاک میں پولیس موبائل کے قریب دھماکے کی مذمت، شہید ہونے والے 2 پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کچلاک میں بوستان روڈ پر پولیس موبائل کے قریب دھماکے کی مذمت کی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہید ہونے والے 2 پولیس اہلکاروں اے ایس آئی زین اللہ اور کانسٹیبل طاہر کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نےکہا کہ شہید اہلکاروں کی قربانی کو سلام پیش ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دی ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے واضح کیا کہ دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے قوم کے غیر متزلزل عزم کو شکست نہیں دی جاسکتی، انہوں نے کہا کہ یہ جنگ پوری قوم کی جنگ ہے اور قوم کی حمایت سے آخری دہشت گرد و سہولت کار کے خاتمے تک جاری رہے گی۔

# وزیراعظم کی کچلاک میں پولیس پر حملے کی مذمت

### پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کے شانہ بہ شانہ کھڑی ہے

### شہباز شریف کی شہید ہونے والے اہلکاروں کے لیے دعائے مغفرت

اسلام آباد (م ڈ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پوری قوم دہشتگردی کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی طرح اپنی سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کے شانہ بہ شانہ کھڑی ہے، دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک دہشتگردوں کے خلاف ہماری جنگ جاری رہے گی وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کوئٹہ کے علاقے کچلاک میں پولیس کی گاڑی پر دہشتگرد حملے کی شدید مذمت ......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کرتے ہوئے واقعہ میں شہید ہونے والے اہلکاروں کے لیے دعائے مغفرت بھی کی وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان میں وزیراعظم نے شہداء کے لواحقین کے لیے صبر و جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ واقعہ کے ذمہ دار دہشتگردوں کو جلد از جلد قرار واقعی سزائیں دی جائیں، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی طرح ہماری سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کے شانہ بہ شانہ کھڑی ہے، دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک دہشتگردوں کے خلاف ہماری جنگ جاری رہے گی۔

Scanned with CamScanner

# پاک آرمی سمیت دیگر سیکورٹی ادارے دہشتگردوں سے نبرد آزما ہیں، میجر جنرل جواد احمد

**دشمن نے ملک وقوم کے خلاف سازشیں رچائیں تو قوم نے پاک فوج وسیکورٹی اداروں کے ساتھ مل کر سازشوں کو ناکام بنایا**

**اب بھی قوم یکجا اور ایسے عناصر کی سرکوبی کے لئے اپنے دفاعی اداروں کی پشت پر کھڑی ہے، پاسنگ آؤٹ تقریب سے خطاب**

خضدار (خ ن) خضدار میں پاک آرمی 33 ڈویژن کے زیر انتظام پاسنگ آؤٹ پریڈ تقریب منعقد ہوئی، تقریب کے مہمان خاص پاک آرمی 33 ڈویژن کے کمانڈر ہلال امتیاز ملٹری میجر جنرل جواد احمد تھے۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ تقریب کے دوران نئے ریکروٹس نے پریڈ اور دفاعی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا بلوچستان کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے جوانوں نے 4 ماہ 14 دن .........

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کے طویل دورانیہ کی تربیت حاصل کی، پاک آرمی 168 فیلڈ رجمنٹ سے انہوں نے تربیت حاصل کی مجموعی طور پر لیویز فورس کا یہ آٹھواں بیچ اور پاک آرمی کی زیر تربیت یہ پہلا بیچ تھا جو کہ تربیت مکمل کرکے پاسنگ آؤٹ پریڈ کا حصہ بنا ہے۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ تقریب کے دوران لیویز فورس کے جوانوں نے خوبصورت انداز میں پریڈ اور دفاعی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، دہشت گردی سے نمٹنے کا جوہر دکھایا، آگ کی رنگ سے گزرنے کا کرتب دکھایا، اور جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ملنے والی تربیت کا انہوں نے عملی مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر مہمان خاص ودیگر شرکاء نے لیویز کے جوانوں کے پریڈ کا معائنہ کیا اور انہیں داد دی

# بلوچستان کے تمام اضلاع میں لائسنس یافتہ فیول اسٹیشنز کے قیام کا فیصلہ

**وفاقی وزیر تجارت جام کمال اور آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے بلوچستان میں آئل کی صنعت کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ**

**ہر ضلع میں کم از کم دو سے تین فیول اسٹیشنز قائم کرنے کی تجویز پر غور، وزیراعلیٰ نے مکمل حکومتی حمایت کی یقین دہانی کرادی**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے بلوچستان میں آئل کی صنعت کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا ہے وزارت تجارت کی جانب سے ہفتہ کو جاری اعلامیہ کے مطابق بلوچستان میں لائسنس یافتہ فیول اسٹیشنز کے قیام کے حوالہ سے وفاقی وزیر جام کمال خان اور آئل کمپنیوں کے نمائندوں نے اہم ملاقات کی ہے اس موقع پر بلوچستان کے ہر ضلع میں .........

بقیہ 3 7 صفحہ نمبر 7 پر

کم از کم دو سے تین فیول اسٹیشنز قائم کرنے کی تجویز پر غور کیا گیا جس سے کاروباری سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں اضافہ متوقع ہے جام کمال خان نے اس حوالہ سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رابطہ کیا تو وزیراعلیٰ بلوچستان نے مکمل حکومتی حمایت کی یقین دہانی کرائی وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ لائسنس یافتہ فیول اسٹیشنز کی طرف بتدریج منتقلی سے صارفین اور کاروباری مالکان دونوں کو فائدہ ہوگا، لائسنس یافتہ فیول اسٹیشنز کے فریم ورک سے معیاری مصنوعات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، یہ منصوبہ بلوچستان کی اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ جام کمال خان نے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے منصوبوں کے لیے وفاقی حکومت کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ایندھن کی صنعت کا مستقبل تابناک ہے، علاقائی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا

# پولیو ورکر کامل خاتون سیلاب کے دوران بھی متحرک، بہتر کارکردگی پر چیف سیکرٹری کی حوصلہ افزائی

**ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے پر چیف سیکرٹری بلوچستان نے بہتر خدمات پر خاتون کو کارکردگی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان کیا**

**کامل خاتون نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کیلئے سیلابی پانی میں اتر کر بہادری کا مظاہرہ کیا جو استا محمد کیلئے کسی اعزاز سے کم نہیں، ڈی سی جلیل احمد**

اوستا محمد (خ ن) پولیو مہم کے دوران تحصیل گنداخہ میں ورکر کامل خاتون نے شدید بارشوں اور سیلاب کے دوران فرائض کی ادائیگی کے سلسلے میں سیلابی پانی سے گزر کر بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کیلئے قطرے پلا کر جس حب الوطنی اور قومی جذبے کا اظہار کیا وہ قابل دید ہے اور اس کی اس فرض شناسی کو چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے ورکر کی پولیو مہم کے دوران ویڈیو کلپ دیکھ کر حوصلہ افزائی کرنے کے لئے انہیں بہتر کارکردگی کا سرٹیفکیٹ جاری کر دیا اور ڈپٹی کمشنر استا محمد جلیل احمد نے آج ایک سادہ مگر پروقار تقریب منعقد کی جس میں چیف سیکرٹری بلوچستان کی جانب سے کارکردگی سرٹیفکیٹ سے نوازا اس موقع پر ہمراہ ہارون خان جمالی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمنان لانگو، ڈسٹرکٹ چیئرمین سالار خان جمالی، میئر استا محمد مظفر خان جمالی، اسسٹنٹ کمشنر محمد رمضان اشتیاق، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سمیت ودیگر محکمہ ہیلتھ کے افسران وصحافی موجود تھے ڈپٹی کمشنر استا محمد جلیل احمد نے کہا کہ شدید بارشوں اور سیلابی صورتحال کے باوجود پولیو مہم کے دوران ورکر کامل خاتون نے جو فرائض سرانجام دیئے اور ان کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کی وجہ سے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے بہتر خدمات پر ان کیلئے کارکردگی سرٹیفکیٹ جاری کیا جو ہمارے دوسرے پولیو ورکرز کیلئے ایک مثال ہے یہ نہ صرف ضلع استا محمد کیلئے بلکہ محکمہ ہیلتھ کیلئے اعزاز بھی ہے ہمارے دیگر پولیو ورکرز کو بھی چاہیئے کہ وہ اس کی تقلید کرتے ہوئے فرائض کی بجا آوری میں کوئی کوتاہی ہرگز نہ برتیں اس موقع پر کامل خاتون نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں نے مجھے منع کیا پانی میں سانپ اور جان کا خطرہ ہے میں نے انہیں کہا کہ پولیو خطرناک موذی مرض ہے اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے صرف پولیو کے قطرے ہیں جو ہم اپنے بچوں کو پلا کر محفوظ کر سکتے ہیں

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 5 Dated: 15 SEP 2024 Page No. 13

## مبینہ لاپتہ مہر گل مری کو بازیاب کیا جائے، اہل خانہ

### عدالت نے بازیابی کا حکم دیا، اسلام آباد میں دھرنا بھی دیا مگر پتہ نہ چلا، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مبینہ طور پر لاپتہ مہر گل مری کے اہل خانہ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مہر گل مری کو فوری بازیاب کرایا جائے، یہ بات لاپتہ مہر گل مری کے اہل خانہ نے ہفتہ کو وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے کیمپ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ مہر گل مری کے لاپتہ ہونے کے خلاف ہم نے عدالت سے رجوع کیا اور عدالت نے ان کو بازیاب کرانے کے احکامات جاری کیے تاہم تاحال ان کے بارے میں کچھ معلوم نہیں کہ وہ کہاں ہیں، انہوں نے کہا کہ مہر گل مری محکمہ زراعت میں گریڈ 18 کے افسر اور ڈیرہ بگٹی میں تعینات تھے، ان کی بازیابی کیلئے ہم نے ہر دروازہ پر دستک دی، ریڈ زون اور اسلام آباد میں بھی دھرنا دیا گیا لیکن تاحال ان کو بازیاب نہیں کیا گیا، انہوں نے مطالبہ کیا کہ مہر گل مری کو فوری بازیاب کیا جائے۔

## مہنگائی کے ستائے عوام کو کہیں سے کوئی ریلیف نہیں مل رہا

### پیٹرول کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود سبزی پھل اور گوشت کی قیمت میں کمی نہ آسکی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل کمی کے باوجود کوئٹہ کے شہری ریلیف سے محروم۔ ہوشربا مہنگائی کم ہونے کا نام نہیں لے رہی، عوام کو منافع خوروں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں گرنے کے باوجود کوئٹہ میں اشیائے خوردونوش کے نرخوں میں کمی نہ آسکی، شہری مہنگائی کی چکی میں پستے جارہے ہیں 260 روپے کلو میں ملنے والی دال ماش اب 450 روپے کلو سے بھی مہنگی بکنے لگی ہے، ٹماٹر 150، آلو 120، بھنڈی 150، پیاز 150، ادرک اور لہسن 800 سے 1000 روپے، کریلے، کدو 100 روپے کلو فروخت کیا جارہا ہے پھلوں میں سیب 300، انگور 250 اور کیلے 160 فی درجن فروخت ہورہے ہیں۔ دال مونگ 300، دال ماش 450، دال چنہ 400 اور چاول 370 سے 390 روپے فی کلو کے حساب سے بیچا جارہا ہے جبکہ دودھ دہی کی قیمتیں بھی من پسند انداز میں بڑھ رہی ہیں۔ مرغی کا گوشت 700 روپے، مٹن 2200 روپے اور بیف 1300 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے سینچری ایکسپریس سے بات چیت کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا تھا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے ہر طبقے خصوصاً متوسط اور غریب طبقے کو شدید متاثر کیا ہوا ہے۔ جس کی وجہ بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں عدم استحکام ہے گرانفروشوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## 300 زمباد گاڑیاں زیرو پوائنٹ پر روک دی گئیں سینکڑوں مزدور بے یارو مددگار

### سینکڑوں مزدور گزشتہ 6 دن سے بھوکے پیاسے کھلے آسمان تلے بے یارو مددگار بیٹھے ہیں، کیا ہم پاکستانی نہیں، کیا ہمیں روزگار کا کوئی حق نہیں ہے

### اگر 24 گھنٹوں کے اندر ہمارے معاملات کو حل اور ہمیں کاروبار کرنے نہیں دیا گیا تو پورے بلوچستان کو جام کردیں گے، زمباد یونین ایسوسی ایشن

گوادر (بیورو رپورٹ) ہم پر روزگار کے دروازے بند کردیئے گئے ہیں۔ ہماری 200 سے 300 زمباد گاڑیاں تلمہار اور تلنیٹ زیرو پوائنٹ پر روک دیئے گئے ہیں۔ جہاں پر سینکڑوں مزدور گزشتہ چھ یوم سے بھوکے پیاسے کھلے آسمان تلے بے یارو مددگار بیٹھے ہیں۔ کیا ہم پاکستانی نہیں اور کیا ہمیں روزگار کا کوئی حق نہیں۔ تمام تر تعصبات سے بالاتر ہوکر سوچا جائے۔ اگر 24 گھنٹے کے اندر ہمارے معاملات کو حل اور ہمیں کاروبار کرنے نہیں دیا گیا تو پورے بلوچستان کو جام کردیں گے ان خیالات کا اظہار زمباد یونین ایسوسی ایشن کے راہنماؤں حافظ اللہ بخش مینگل، ہدایت اللہ مہرواڑی، سکندر زہری، اور میر محمد ودیگر نے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ بحیثیت پاکستانی ہمیں بھی روزگار کا حق ہے لیکن ضلعی انتظامیہ اور اداروں نے ہماری روزگار پر قدغن لگا دیا گیا اور ہمارے گھروں میں چولہے بجھا دیئے گئے۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ چھ دنوں سے ہماری زمباد گاڑیوں کو تلمہار اور تلنیٹ زیرو پوائنٹ پر روک دیا گیا ہے جہاں پر ہمارے سینکڑوں مزدور بھوکے پیاسے بے یارو مددگار کھلے آسمان تلے پڑے ہوئے ہیں۔ لیکن کسی کو کوئی فکر نہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہم عزت کی روٹی تلاش کرتے ہیں اور مزدور پیشہ لوگ ہیں جس طرح دوسرے لوگ ایرانی تیل کا کاروبار کرتے ہیں ہمارا بھی حق ہے۔ ہمیں بھی گوادر سے تیل لوڈ کرنے کی اجازت دی جائے۔ انھوں نے علاقائی نمائندہ کی جانب سے تعصبات کی بات سے مایوسی ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہم بھی پاکستانی ہیں کاروبار پر ہمارا بھی حق ہے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں گوادر شہر سے تیل لوڈ کرنے کی اجازت دی جائے ہماری گاڑیوں کو گوادر شہر میں تیل لوڈ کرنے کی اجازت نہیں دی گئی تو آئندہ 24 گھنٹوں میں بلوچستان کو جام کردیں گے اس موقع پر زمباد یونین ایسوسی ایشن کے دیگر کارکنان بھی موجود تھے۔

## کوہلو، محکمہ مواصلات وتعمیرات کا ایکسین عرصہ دراز ضلع سے غائب

### سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار، محکمہ کو ہیڈ کلرک چلانے لگا، عوامی وسماجی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

کوہلو (نمائندہ خصوصی) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کا ایکسین عرصہ دراز ضلع سے غائب ہیں سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوکر رہ گئے ہیں روڈ قولی نظروں سے اوجھل ہیں سڑکوں کی دیکھ بحال کے لیے کوئی عملہ موجود نہیں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو میں ایکسین مواصلات وتعمیرات عرصہ دراز سے اپنے ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں محکمے کو ایک کلرک ہی چلا رہا ہے سڑکیں خستہ حالی کا شکار بنتے جارہے ہیں کئی سالوں سے روڈ قولی دوربین سے ڈھونڈے سے بھی نہیں ملیں گے محکمہ کے ایک کلرک کے مطابق کئی روڈ قولیوں کے تنخواہیں بند کردیئے گئے ہیں اور کئی کو شوکاز نوٹس جاری کردیا گیا ہے لیکن ذرائع کا دعویٰ ہے کہ سیکڑوں کی تعداد میں ضلع بھر میں روڈ قولی تعینات ہیں لیکن چند ایک کا ذاتی بغض پر تنخواہیں بند کی ہیں باقی تمام روڈ قولی گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کررہے ہیں لیکن سڑکوں کو جھاڑیوں نے اپنے لپیٹ میں لے رکھے ہیں اور زیادہ تر سڑکوں کی دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے ٹوٹ پھوٹ کے شکار بن گئے ہیں کروڑوں روپے مالیت کے سڑکیں ضائع ہو چکے ہیں عوامی وسماجی حلقوں نے رکن صوبائی اسمبلی نواب جنگیز مری اور ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل احمد بلوچ سے اپیل کی کہ فوری طور پر فرض میں غفلت برتنے والے ایکسین کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاکر روڈ قولیوں کو سڑکوں کے دیکھ بھال کے لئے پابند بنایے جائیں۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 SEP 2024

Page No. 14

# کانگو کی مریضہ کا انتقال، کیسز بڑھنے لگے، حکومت اقدامات کرے

فاطمہ جناح اسپتال کوئٹہ میں داخل کانگو وائرس کی ایک مشتبہ مریضہ انتقال کر گئیں۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق ان کے ٹیسٹ کی رپورٹس آنے سے ہی قبل ان کا انتقال ہوگیا تاہم سمپٹم کانگو وائرس کے تھے۔ اب تک صرف فاطمہ جناح اسپتال میں کانگو وائرس کے 30 مریضوں کو علاج کے لیے لایا جاچکا ہے۔ اس کے علاوہ صوبے میں مزید کتنے مریض ہیں جو زیر علاج ہیں یا جنہیں اس حوالے سے معلوم ہی نہیں ہے یا بغیر ٹیسٹ کے ہی انتقال کر چکے ہیں۔ ادھر وزیر اعظم پاکستان نے کہا ہے کہ پاکستان کو فی الحال منگی پاکس کے حوالے سے کسی قسم کی ہنگامی صورتحال کا سامنا نہیں ہے تاہم تمام احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں۔

پورے ملک میں صحت کی صورتحال انتہائی خراب ہے، اس کی کئی وجوہات ہیں۔ بڑے شہروں میں آب و ہوا بہت خراب ہو چکی ہے، کراچی، لاہور تو آلودہ شہروں میں اب سر فہرست ہیں۔ اس کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں میں بھی آب و ہوا بہت خراب ہے، ساتھ ہی جگہ جگہ پانی اور گندگی کے ڈھیر کے باعث بے تحاشہ حشرات کی پیداوار الگ ہے۔ اس کے علاوہ خوراک کا بھی بڑا مسئلہ ہے، ملک بھر میں خالص اشیا کی دستیابی تقریباً ناپید ہے، خالص دودھ، مصالحہ جات، گوشت اور دیگر اشیا حتیٰ کہ ادویہ تک میں ملاوٹ ہو رہی ہے۔ اس کے بعد شہریوں کی طرز زندگی بھی خراب ہے۔ رات دیر کو کھانا کھان اور پھر کھاتے ہی سو جانا، صبح، شام یا رات کسی بھی وقت ورزش اور چہل اقدمی نہ کرنا، سوئمنگ اور دیگر جسمانی مصروفیات کی کمی بھی بڑا مسئلہ ہے۔ اب اندازہ لگائیں، ایک شخص جو آلودہ ترین شہر میں رہ رہا ہے، جہاں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیروں کی وجہ سے بھاری تعداد میں مختلف حشرات اور مختلف وائرس ہوا میں موجود ہیں۔ اُس کی خوراک بھی ملاوٹ زدہ ہے اور ورزش یا چہل قدمی بھی نہیں کی جاتی، پھر رات گئے مرغن غذائیں کھانے کی عادت، ایسے میں شہریوں کو صحت کے مسائل نہیں ہوں گے تو اور کیا ہوگا۔ عوام کا بھی فرض بنتا ہے کہ وہ اپنی صحت کے حوالے سے کام کریں، اپنی خوراک کو سادہ رکھیں، صبح چہل قدمی، ہلکی پھلکی ورزش کا اہتمام کریں، اگر صبح میں ممکن نہ ہو تو شام یا رات میں ایسا کریں۔ ویسے تو صبح کے وقت تازہ ہوا میں آکسیجن کی مقدار زیادہ ہوتی ہے، رات بھر ٹریفک اور فیکٹریاں بند ہونے کے باعث ہوا میں زہریلے مادے بھی کم سے کم سطح پر ہوتے ہیں، ایسے میں چہل قدمی اور لمبی لمبی سانس لینے سے جسم میں موجود زہریلے مادے باہر نکل جاتے ہیں اور انسان صحت مند رہتا ہے۔ ساتھ ہی موسم تبدیل ہوتے ہوئے، مثلاً گرمیوں کا اختتام اور سردیوں کی آمد، اسی طرح سردوں کا اختتام اور گرمیوں کے آمد ان مہینوں میں بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے، ٹھنڈے مشروبات اور پانی سے پرہیز کیا جائے، یہ چند حفاظتی اقدامات اور اچھی طرز زندگی اپنانے سے ہر شہری صحت مند زندگی گزار سکتا ہے۔

حکومتی سطح پر سب سے پہلے اسپتالوں میں ڈاکٹر، پیرا میڈیکل اسٹاف اور ادویہ کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، ساتھ ہی ہر شہر میں اسپرے کروایا جائے تاکہ حشرات اور وائرس ختم ہوسکیں۔ اس کے علاوہ جو بیماریاں، ملیریا، ٹائیفائیڈ، کانگو، منکی پاکس اور دیگر وائرس کی علامات اور تشخیص کے لیے ڈاکٹروں اور عوام میں آگہی مہم چلائی جائے اور ان بیماریوں سے بچاؤ اور علاج کو یقینی بنایا جائے۔ شہریوں کو ان کے حال پر چھوڑنا کسی طور مناسب نہیں ہے، حکومت اپنی ذمے داریاں پوری کرے۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 15 SEP 2024

Page No.



آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری پریس کلب کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کر رہے ہیں



آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری کچلاک دھماکے میں
شہید اہلکار کے جنازے کو کندھا دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ، آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری پریس کلب کے دورے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

CamScanner